## قومی اسمبلی میں اپوزیشن کے ارکان کی جانب سے ہنگامہ آرائی اور ہاتھاپائی افسوسناک ہے۔الطاف حسین
## ایوان میں ہنگامہ آرائی اور تشدد کا عمل ایوان کی عزت اور وقار کے منافی ہے

لندن۔۔۔ یکم جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج قومی اسمبلی میں بجٹ پیش کئے جانے کے موقع پر اپوزیشن کے ارکان کی جانب سے ایوان میں ہنگامہ آرائی اور ہاتھاپائی پر شدید افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حکومت کے نکتہءنظر سے اختلاف اور احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے لیکن آج قومی اسمبلی کے ایوان میں جو طرزِ عمل اپنایا گیا اسے کسی بھی طرح درست اور جائز قرار نہیں دیا جاسکتا۔انہوں نے مزید کہا کہ ایوان میں ہنگامہ آرائی اور تشدد کا عمل ایوان کی عزت اور وقار کے منافی ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام ارکان پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ جمہوری اقدار اور ایوان کے تقدس اور احترام کا خیال رکھیں۔

## جنگ پبلی کیشنز ایمپلائز یونین (سی بی اے) کے وفد کی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل سے ملاقات

کراچی:۔۔۔یکم جون،2012ء

جنگ پبلی کیشنز ایمپلائز یونین (سی بی اے) کے وفد نے صدر شکیل یامین کانگا کی سربراہی میں ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل سے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں ملاقات کی۔وفد میں جنگ یونین کے نائب صدر عبدالرزاق، جنرل سیکرٹری جمیل احمد، خازن محمد ہاشم، اراکین مجلس عاملہ لیاقت علی، جاوید اختر خان، محمد سعید، محمد شاہد کے علاوہ دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے رکن امین الحق بھی موجود تھے۔ملاقات میں جنگ یونین عہدیداروں نے سپریم کورٹ میں ویج ایوارڈ سے متعلق پیش رفت اور اس کے بعد امپلی مینٹیشن ٹریبونل (آئی ٹی این ای) میں ہونے والی عدالتی کارروائی سے آگاہ کیا۔وفد نے کہا کہ اخباری صنعت سے تعلق رکھنے والے کارکنان متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ویج ایوارڈ پر عملدرآمد کیلئے مسلسل آواز اٹھائی اور حق پرست اراکین اسمبلی کے ذریعے ان مسئلوں کو اُٹھایا ہے۔اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے وفد سے گفتگو کرتے کہا کہ ایم کیو ایم اور اس کے قائد جناب الطاف حسین نے صحافیوں کے حقوق کیلئے ہمیشہ آواز بلند کی ہے، ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے صحافیوں برادری کے مسائل کے درد کو محسوس کرتے ہوئے انکے حل کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے وفد کی گزارشات کو بغور سنا اور ان کے حل کیلئے ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔

## کوہستان میں چار خواتین کو مہندی کی تقریب میں گانے بجانے کی وجہ سے جرگے کی جانب سے سزائے موت سنائے جانے اور
## جنوبی پنجاب اور اندرون سندھ میں خواتین پر ہونے والے بدترین مظالم کے واقعات لمحہ فکریہ ہیں۔ایم کیو ایم شعبہ خواتین

کراچی:۔۔۔یکم جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا اور اراکین کمیٹی نے کوہستان میں چار خواتین کو گھر میں ہونے والی مہندی پر گانے بجانے کی وجہ سے جرگے کی جانب سے سزائے موت سنائے جانے اور جنوبی پنجاب اور اندرون سندھ میں خواتین پر ہونے والے بدترین مظالم کے واقعات کی بھرپور الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کے صرف ایک حصے میں یکم جنوری سے 30 مئی تک کے دوران 114 خواتین کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا جو کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ حوا کی بیٹی یہ ظلم وستم آخر کب تک سہتی رہے گی؟ اور پاکستان کی نصف سے زیادہ آبادی اس زبوں حالی کا کب تک شکار رہے گی؟ جس کی گود میں نسلیں پروان چڑھتی ہیں، جو کسی کی ماں، کسی کی بیوی اور کسی کی بیٹی ہوتی ہے لیکن بے حرمتی کا یہ عالم ہے کہ انکی لاشیں ٹکڑوں کی صورت میں کچرا کنڈیوں سے مل رہی ہیں اور جو زندہ بچ گئی ہیں ان کے چہرے اور بدن تیزاب سے جھلسانے کے بعد زندہ لاش بنا دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ کم عمر بچیوں کو بھی عصمت دری کا نشانہ بنا کر گلی کوچوں میں پھینکا جارہا اور خواتین کے ساتھ بہیمانہ سلوک تمام انسانیت پسند حلقوں کیلئے ایک سوال ہے۔انہوں نے کہا کہ عورت کو اپنے حق کو جاننا اور پہچاننا ہوگا اور اپنے اختیار کو اپنے لئے استعمال کرنا ہوگا تب ہی ہم آنے والی نسلوں کے ساتھ انصاف کر سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نے قومی اسمبلی میں خواتین کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ''حقوق نسواں بل'' بھی منظور کرایا تاہم اس کے باوجود حکومت کی جانب سے اس بل پر عملدرآمد نہیں کیا گیا جو ایک افسوسناک عمل ہے جس کی جتنی

بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خواتین کو بااختیار دیکھنا چاہتے ہیں اوران کے حقوق کے لئے آواز بلند کررہے ہیں۔شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرااوراکین کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پاکستان میں خواتین پر بڑھتے ہوئے مظالم کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور جامع حکمت اختیار کی جائے اور خواتین کے حقوق اوران کے تحفظ کیلئے منظور کردہ بلوں پرعملدرآمد یقینی بنا کرخواتین کے جاں ومال کے تحفظ کویقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر کے کارکن نظیر حسین کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔یکم جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر رابطہ آفس نورانی بستی کے کارکن نظیر حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی تحریکی خدمات پرانہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔یکم جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری سیکٹر رابطہ آفس نورانی بستی کے کارکن نظیر حسین،ملتان زون ڈسٹرکٹ پاکپتن کمیٹی کے رکن حاجی محمد عاصم کے بڑے بھائی محمد سلیم،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ A-153 کے کارکن محمد حامد خان کی ہمشیرہ شفق شاہداورایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن محمد عدنان کی والدہ محترمہ قمر جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## انفارمیشن ٹیکنالوجی ترقی یافتہ ممالک کی پہنچان ہے،رضاہارون
## ایم کیوایم کے تحت جاری سائبر انقلاب پروگرام کی شاندار کامیابی کا خیرمقدم

کراچی:۔۔یکم رجون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون نے کہاہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ترقی یافتہ ممالک کی پہنچان ہے لہٰذا نوجوان ملک کوترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کرنے کیلئے انفارمیشن ٹیکنالوجی میں زیادہ سے زیادہ مہارت حاصل کریں اورملک وقوم کی خدمت کواپنا شعار بنائیں۔اپنے ایک بیان میں رضاہارون نے ایم کیوایم کے تحت جاری سائبر انقلاب پروگرام کی شاندار کامیابی کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جوملک بھر کے نوجوانوں کوسیاسی شعور کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی جدید تعلیم کے فروغ کیلئے کام کررہی ہے تاکہ ملک کے پڑھے لکھے اور باصلاحت نوجوان سائبر انقلاب کے ذریعے ملک میں آنیوالی تبدیلی میں اپنا کردارادا سکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے کراچی سے شروع ہونیوالا سائبر انقلاب پروگرام حیدرآباد سمیت دیگر شہروں میں تیزی سے پھیل رہاہے اورنوجوان اس پروگرام میں گہری دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے شروع دن سے تعلیم کے حصول پرزوردیا ہے تاکہ ملک کے نوجوان تعلیم حاصل کرکے ملک وقوم کی خدمت کریں۔انہوں نے کہا کہ جوقومیں تعلیم پرتوجہ نہیں دیتی وہ ترقی کے میدان میں دوسری قوموں سے ہمیشہ پیچھے رہتی ہیں لہٰذا نوجوان قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیراہوکرایم کیوایم کے سائبر انقلاب میں شامل ہوجائیں اور پاکستان کوآزادخودمختاراور قائداعظم محمد علی جناحؒ کا پاکستان بنانے میں اپنا کردارادا کریں۔رضاہارون نے سائبر انقلاب پروگرام کی کامیابی پرایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کومبارکباد پیش کی اورکہا کہ سائبر انقلاب پروگرام ملک میں تبدیلی کا سبب بنے گا۔

## ایم کیوایم حیدرآباد شہر کو دنیا کے بہترین شہروں میں شمار کرنے کیلئے اسکی تعمیر وترقی میں مصروف عمل ہے، رضا ہارون

## انڈس ہوٹل حیدرآباد میں سیٹھ گوہر اللہ کی قیادت میں چیمبر آف کامرس کے وفد سے ملاقات

حیدرآباد۔۔۔01 جون 2012ء

رکن رابطہ کمیٹی اور حق پرست صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی وزیر رضا ہارون نے انڈس ہوٹل حیدرآباد میں چیمبر آف کامرس کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم حیدرآباد شہر کو دنیا کے بہترین شہروں میں شمار کرنے کیلئے دن رات اس کی تعمیر وترقی میں مصروف عمل ہیں۔اس موقع پر رکن سندھ تنظیمی کمیٹی وصوبائی وزیر زبیر احمد خان، ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی راشد ممتاز،افتخار احمد قائم خانی اور رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین بھی موجود تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد کی ترقی میں تاجروں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے اور ایم کیوایم کا تعاون بھی ہمیشہ آپ تاجر برداری کے ساتھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کا درمدآرسے کی معاشی ترقی پر ہوتا ہے اور اس میں کاروباری حضرات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے چمبر آف کامرس کے وفد کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلوایا۔وفد میں شفیق قریشی،ضیاءالدین اور دیگر عہدیداران بھی شامل تھے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کا اقبال قریشی کے نوجوان بھتیجے کے انتقال پر اظہار تعزیت

حیدرآباد۔۔۔01 جون 2012ء

ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے تعزیتی بیان میں ایم کیوایم حیدرآباد کے رکن زونل کمیٹی اقبال قریشی سے انکے نوجوان بھتیجے کے انتقال پر اظہار افسوس اور گہرے دکھ ودلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے،اقبال قریشی کے بھتیجے محمد عرفان قریشی بجلی کا کرنٹ لگنے سے گذشتہ روز جاں بحق ہوگئے تھے۔انچارج واراکین زونل کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## جناب الطاف حسین بھائی ملک کے 98 فیصد غریب کے واحد نجات دہندہ ہیں۔عابد گجر

گوجرانوالہ۔۔۔۔یکم جون،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کے زیر اہتمام گکھڑ سٹی میں کارنر میٹنگ کا انعقاد ہوا جس میں کثیر تعداد میں کارکنان نے شرکت کی اس موقعہ پر زونل انچارج عابد گجر اور ضلعی انچارج ملک عبدالحمید اعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورت حال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک اور 98 فیصد متوسط طبقہ کے واحد نجات دہندہ ہیں جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کے لئے عملی جدوجہد کررہے ہیں جس کے تحت امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہوتا جارہا ہے آج ملک میں جتنی بھی سہولتیں ہیں وہ سب کی سب صرف چندلوگوں کے لیے ہیں چند خاندانوں کے لیے ہیں ان کے لیے اس ملک میں نہ کوئی قانون ہے اور نہ کوئی ان کو پوچھنے والا ہے اور غریب کے لیے روٹی، پینے کا صاف پانی اور علاج کی کوئی سہولت میسر نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب غریب عوام کو سمجھ جانا چاہیے کہ ان جاگیرداروں کے چنگل سے کون نجات دلائے گا اور کون حقیقت میں اس ملک میں غریب عوام کے حقوق کی جنگ لڑرہا ہے کون ہے جس نے اس ملک میں غریب عوام کو قومی وصوبائی اسمبلی میں بھیجا کون ہے جو مظلوموں کا غریبوں کا ساتھی ہے کون ہے جو آپ لوگوں کی بات کرتا ہے تو مجمع سے ایک ہی آواز آئی الطاف بھائی الطاف بھائی۔اس موقع پر جلسہ میں موجود لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا

☆☆☆☆☆